سال اول

فینانشل اکاونٹنگ

مفوضہ کام-1

(اکائی 1 تا 9)

حصہ الف

درجہ ذیل سے کوئی دو سوالات کے جواب 30 سطروں میں لکھئے۔ (2x10=20)

1۔نقدی کتاب کے اقسام بیان کیجئے اور تین کالم والی نقدی کتاب کا فرضی نمونہ دیجئے۔

2۔درجہ ذیل معاملتوں کیلئے جزنل اندراجات کیجئے۔

2019 جون 1 کاروبار کا آغاز کیا گیا۔1,00,000 روپے۔

" " 2 بینک میں رقم جمع کی گئی 20,000 روپے۔

" " 3 نقد مال خریدا گیا۔6,000 روپے۔

" " 4 مشنری کی خریدی چیک کے زریعہ 30,000 روپے۔

" " 5 سمیع کو مال فروخت کیا گیا۔5,000 روپے۔

" " 7 کلیم سے نقد رقم وصول ہوئی 6,000 روپے۔

" " 8 اسٹیشنری کیلئے ادائی 2,000 روپے۔

" "9 ذاتی اخراجات کیلئے رقم نکالی گئی۔4,000 روپے۔

" " 12 نعیم کو ادھار فروخت 10,000 روپے۔

" "13 سود ادا کیا گیا۔ 5,000 روپے۔

3۔یکم فروری 2019 کو سلیم نے 40000 روپئے ایک امدادی بل مسٹر سالار کے نام 3 ماہ کیلئے تحریر کیا۔اسی دن سالار نے منظوری دی۔اس بل کو سلیم نے 2% سالانہ شرح پر بینک سے ڈسکاونٹ کروالیتا ہے اور نصف رقم سالار کو بھیجتا ہے۔

یکم مارچ 2019 کو مسٹر سالار نے 20000 روپئے کا تین ماہ کیلئے ایک بل سلیم کے نام تحریر کرتا ہے۔سلیم اُسی دن قبولیت دے دیتا ہے مسٹر سالار نے اُسی دن 5% سالانہ شرح پر بینک سے ڈسکاونٹ کروالیتا ہے اور نصف رقم سلیم کو روانہ کرتا ہے مسٹر سالار دیوالیہ ہونے پر اس وصول طلب رقم کا صرف 25% وصول ہوتا ہے۔مسٹر سلیم اور مسٹر سالار کی کتابوں میں جزنل اندراجات کیجئے۔

4۔31 ڈسمبر 2018 پر ختم سال کیلئے فائینل اکاونٹس تیار کیجئے۔

| تفصیلات | ڈیبٹ | کریڈیٹ |
|---|---|---|
| عمارتیں | 150000 | --- |
| پاور | 10000 | ----- |
| کمیشن | 8000 | ---- |
| تنخواہیں | 9000 | ------ |
| افتتاحی اسٹاک (1-1-2018) | 20000 | ----- |
| انتظامی اخراجات | 15000 | ----- |
| خرید | 250000 | ----- |
| فروخت واپسی | 10000 | ----- |
| فرنیچر | 20000 | ---- |
| دین دار | 50000 | ---- |
| سرمایہ | ----- | 300000 |
| فروخت | ----- | 273000 |
| خرید واپسی | ------ | 10000 |
| لین دار | ------ | 60000 |

تطبقات: 1۔ اختتامی اسٹاک 150000 روپے۔

2۔ واجب الادا تنخواہیں 25000 روپے۔

3۔ عمارتوں پر فرسودگی 10% سالانہ

## حصہ ب

درجہ ذیل سے کوئی دو سوالات کے جواب دیجئے ہر جواب 15 سطروں سے زائد نہ ہو۔ (2x5=10)

5۔ ذیل کی تفصیلات کی مدد سے خرید کی کتاب تحریر کیجئے۔

2018 یکم مارچ احمد سے مال خریدا گیا۔ 4000 روپے۔

/2 کفیل سے مال خریدا گیا۔ 6000 روپے۔

/4 خلیل سے مال خریدا گیا۔ 10000 روپے۔

/8 جمیل سے مال خریدا گیا۔ 8000 روپے۔

6۔ بینک کا مصالحتی گوشوارہ تیار کیجئے۔

i) پاس بک کے مطابق بیلنس 20000 روپے۔

ii) چیک جاری کئے گئے لیکن ادائی کیلئے پیش نہیں کئے گئے 18000 روپے۔

iii) سرمایہ کاری پر سود کا اندراج صرف پاس بک میں کیا گیا 1000 روپے۔

iv) چیک ڈپازٹ کئے گئے لیکن کریڈیٹ نہیں ہوئے 4000 روپے۔

v) ایک گاہک نے راست بینک میں رقم جمع کی 5000 روپے۔

vi) بینک کے اخراجات کا ڈیبٹ اندراج صرف پاس میں کیا گیا۔ 500 روپے۔

7۔ درجہ ذیل غلطیوں کی تصحیح کیجئے۔

i۔ خرید کی کتاب کا میزان 2000 روپے زیادہ کیا گیا۔

ii۔ اجرتیں حیدر کو ادا کی گئی لیکن شخصی کھاتہ میں نہیں لکھا گیا۔ 500 روپے۔

iii۔ سود حاصل ہوا لیکن کمیشن کے کھاتہ میں لکھا گیا۔ 2000 روپے۔

iv۔ اسٹیشنری کی خریدی کو غلطی سے میشنری کے کھاتہ میں بتایا گیا۔ 800 روپے۔

8۔ یکم جنوری 2019 پر حیدر نے جاوید نے مال خریدا۔ 16000 روپے اور اس معاملت کیلئے ایک بل تحریر کر کے منظوری حاصل کر لیتا ہے یہ بل تین ماہ کیلئے تھا۔ جاوید نے اس بل کو بینک سے 5% پر ڈسکاونٹ کرواتا ہے۔ جرنل اندراجات کیجئے۔

سال اول

فینانشیل اکاؤنٹنگ

مفوضہ کام .2

(اکائی 10 تا 22)

حصہ الف

درجہ ذیل سے کوئی دو سوالات کے جواب 30 سطروں میں لکھئے۔ (2x10=20)

1۔دہلی کے عامر نے حیدرآباد کے عمیر کو معاہدہ پر فروخت کی غرض سے 50000 روپئے کا مال بھیجا۔حمل ونقل اور فریٹ کے اخراجات کے طور پر بالترتیب 2000 روپئے اور 1000 روپئے ادا کئے۔

حیدرآباد کے عمیر نے اکاونٹ سیل بھیجا۔اس سے معلوم ہوتا ہے کہ سارا مال 80000 روپئے میں فروخت ہوگیا اور اس پر فروخت کے اخراجات کے طور پر 5000 روپئے ادا کئے **اپنا کمیشن 5% منہا کرنے کے بعد باقی رقم ڈرافٹ کے ذریعہ بھیج دی۔**

2۔احمد لمیٹیڈ نے کیم جنوری 2012 کو 200000 روپئے میں چار سال کیلئے ایک اثاثہ قول پر حاصل کیا۔سنکنگ فنڈ ٹیبل کے تحت ہر سال 0.2154708 رقم چار سال کے اختتام پر 10% سالانہ سے ایک روپیہ فراہم ہوگا۔توقع ہے کہ سرمایہ کاری پر سالانہ 10% سود حاصل ہوگا۔ 31 ڈسمبر 2015 کو فرسودگی فنڈ کو 130000 روپئے میں فروخت کیا گیا۔فرسودگی فنڈ کے طریقہ سے احمد لمیٹیڈ کی کتابوں ضروری اندراجات کرتے ہوئے بہی کھاتے تیار کیجئے۔

3۔درجہ ذیل کی مدد سے 31 ڈسمبر 2016 پر آمدنی وخرچ کھاتہ اور میزانی گوشوارہ تیار کیجئے۔

وصولیات اور ادائیات کھاتہ

| وصولیات | | روپئے | ادائیات | روپئے |
|---|---|---|---|---|
| To Balance B/d | | 40,000 | By Salaries | 83200 |
| To Subscriptions | | | By Rent | 24000 |
| 2015 | 3200 | | By Statoinery | 16000 |
| 2016 | 84400 | | By Repairs | 4000 |
| 2017 | 1600 | 89200 | By Investments (50000 @ 4%) | 50000 |
| To Sport Material | | 62000 | By Expenses | 37000 |
| To Profit on investment | | 40000 | By Balance c/d | 18000 |
| | | 232200 | | 232200 |

زائد معلومات:

1۔کلب میں 900 اراکین فی کس سالانہ 200 روپئے چندہ ادا کرتے ہیں۔

2۔2016 کے ابتداء میں سال 2015 کے 1800 روپئے چندے وصول طلب تھے۔

3۔31 ڈسمبر 2015 کو صادر 2000 روپئے کا ذخیرہ اور 31 ڈسمبر 2016 کو 3600 روپئے کا ذخیرہ تھا۔

4۔سال گذشتہ اور رواں سال میں کرایہ 6000 روپئے پیشگی ادا کیا گیا۔

5۔31 ڈسمبر 2015 کو عمارت کی قیمت 400000 روپئے تھی جس پر سالانہ 5% فرسودگی عائد کی جاتی ہے۔

6۔31 ڈسمبر 2015 کو انوسٹمنٹ کی قدر 800000 روپئے تھی۔

4۔اکہرے اندراج اور دوہرے اندراج میں فرق بیان کیجئے۔

## حصہ ب

درجہ ذیل سے کوئی دو سوالات کے جواب دیجئے ہر جواب 15 سطروں سے زائد نہ ہو۔ (2x5=10)

5۔جائینٹ وینچر اور کنسائینمنٹ میں فرق بیان کیجئے۔

6۔جنرل لیجر ڈیٹر زایڈجسٹمنٹ اکاونٹ کا نمونہ دیجئے۔

7۔یکم جنوری 2004 کو ایک مشنری 200000 روپئے میں خریدی گئی اس پر 10% سالانہ فرسودگی فراہم کی جاتی ہے چار سال تک اثاثہ کا کھاتہ تیار کیجئے جبکہ فرسودگی سیدھی لکیر کے طریقہ پر فراہم کی جاتی ہے۔

8۔ایک لمیٹیڈ کمپنی نے پلانٹ کی مرمت اور تجدید کیلئے ہر سال 10000 روپئے بطور محفوظ فراہم کرتی ہے۔2011 تا 2015 پانچ سال میں ترتیب وار مرمت کے اخراجات ترتیب وار 7600 روپئے 8000 روپئے 6800 روپئے اور 9000 روپئے برداشت کئے پانچ سال کیلئے مرمت اور تجدید کھاتہ تیار کیجئے۔